کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

نوٹس نیلامی سکول کینٹین

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنے زیر نگرانی کینٹ پبلک سکول اینڈ کالج کی کینٹین کو پانچ سال کے عرصہ کے لیے ماہانہ کرایہ پر دینے کے لیے نیلامی منعقد کر رہا ہے۔ نیلامی 2026/ 14 / 12 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ نزد CMH میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہوگئی تو دوبارہ بولی بتاریخ 2026/ 15 / 12 جبکہ سہ بارہ نیلامی/بولی مؤرخہ 2026/ 16 / 12 کو ہوگی۔

تفصیل	مدت ٹھیکہ	زرضمانت
کینٹین/ ٹک شاپ واقع کینٹ پبلک سکول اینڈ کالج کینٹ ایبٹ آباد	پانچ سال	مبلغ-/200,000 روپے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ایبٹ آباد کینٹ

شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

2۔ ہر بولی دہندہ قبل از نیلامی مبلغ-/200,000 (دو لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ ہمراہ مصدقہ نقل قومی شناختی کارڈ جمع کروائے گا بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ اختتام بولی پر زرضمانت / کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

3۔ کینٹین کی ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ داری کی مدت پانچ سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔

4۔ کرایہ داری کی میعاد ابتدائی طور پر پانچ سال کیلئے ہوگی جس پر ہر سال 10% یا مناسب مارکیٹ رینٹ کے حساب سے اضافہ کیا جائے گا۔

5۔ کینٹین کی ٹرانسفر ہونے کی صورت میں بقایہ کرایہ داری میعاد کا معاہدہ نئے کرایہ دار کے ساتھ کیا جائے گا جو کہ سب رجسٹرار کے ساتھ رجسٹرڈ کیا جائے گا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ/ کرایہ دار بجلی، سیوریج، گیس، ٹیلی فون وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

7۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

8۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

9۔ زیر دستخطی/ مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

10۔ مزید شرائط دورانِ اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

11۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

الشتہر
کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
ایبٹ آباد چھاؤنی

CamScanner